قومی یکجہتی کونسل کوئٹہ کے چیئر مین اور دیگر ارکان کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔7 / جون 2007ء

بلوچستان سے کراچی کے دورے پر آنے والے قومی یکجہتی کونسل کوئٹہ کے تین رکنی نمائندہ وفد نے کونسل کے چیئر مین رانا ارشد کی سربراہی میں گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم سے ملاقات کی اور انہیں اپنی جانب سے ایم کیوایم کی بھر پور حمایت کا یقین دلایا۔ وفد میں کاشف احمد اور فہیم خان بھی شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب بلوچستان نگراں کمیٹی کے رکن وسابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سلیم بندھانی بھی موجود تھے۔ رانا ارشد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور ایم کیوایم کی جدوجہد سے مکمل اتفاق کا اظہار کیا اور مسئلہ بلوچستان پر ایم کیوایم کے حق پرستانہ مؤقف کی تعریف کی ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے جس طرح مسئلہ بلوچستان پر ٹھوس مؤقف اختیار کیا اور بلوچستان میں آپریشن کی کھلے الفاظ میں مذمت کی اسے بلوچ عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم ایم کیوایم کے ساتھ ملکر کام کریں اور ملک بالخصوص بلوچستان کے عوام کو غاصبوں کے چنگل سے نجات دلائیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے قومی یکجہتی کونسل کے وفد کے ارکان کو خوش آمدکہا اور انہیں ایم کیوایم کے اغراض ومقاصد، مشن ومقصد اور عملی جدوجہد کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکی ہے اور الحمداللہ آج ملک بھر میں ہمارے دفاتر کام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ ایم کیوایم کیخلاف سوچی سمجھی سازش تھی جس کا مقصد ایم کیوایم سے ملک بھر کے عوام کو بدظن کرنا اور کراچی میں لسانی فسادات کی آگ بھڑکانا تھا جسے عوام نے اپنے اتحاد سے ناکام بنادیا۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ بلوچستان ہو یا کالا باغ ڈیم کا مسئلہ ہو ایم کیوایم نے ہمیشہ ظلم وستم کیخلاف آواز اٹھائی اور عوام کی امنگوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے۔

ایم کیوایم نیو کراچی، سرجانی ٹاؤن اور فیڈرل بی ایریا کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-B کے کارکن محمد علی کی ہمشیرہ عظمیٰ خانم، یونٹ 140-A کے کارکن ندیم حسین کے والد محمد حسین، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن سید ندیم علی کی والدہ محترمہ مسرت جہاں اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن فرحان علی کے والد مقصود علی خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆